ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು–560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD**

**Malleshwram, Bengaluru-560 003**

**2025-26ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ–1**

# S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-1 :2025-26

## ವಿಷಯ: ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ–ಉರ್ದು

Subject: **FIRST LANGUAGE - URDU**

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: **12-U** — **Subject Code: 12-U**

ಸಮಯ: 3ಗಂಟೆ 15ನಿಮಿಷಗಳು ] — [ Time: 3 Hours 15 Minutes

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 100 ] — [ Max Marks: **100**

---

عام ہدایات :

1. اس سوالی پرچہ میں 45 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over]

**I:** **درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب کا منتخب کر کے لکھئے:** **6X1=6**

1. مضمون کا پہلا جُز یہ ہے۔

(A) نفسِ مضمون (B) خاتمہ

(C) نفسِ تمہید (D) تمہید

2. توحید کا دھارا رُک نہ سکا، اسلام کا پرچم جھک نہ سکا۔

خط کشیدہ لفظ کا مترادف ہے۔

(A) دین (B) ایمان

(C) جھنڈا (D) تلوار

3. نظم کے معنی ہیں۔

(A) جگانے کے (B) سلانے کے

(C) سینے کے (D) پرونے کے

4. غیر افسانوی انداز میں لکھی جانے والی تحریر کہلاتی ہے۔

(A) تحریر (B) مضمون

(C) سبق (D) نثر

5. غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔

(A) بیت الشعراء (B) ملک اشعراء

(C) بیت الغزل (D) شعر العجم

6. صنعتِ تضاد کا ایک اور نام ہے۔

(A) صنعتِ طباخ (B) صنعتِ اتباع

(C) صنعتِ تباق (D) صنعتِ طباق

**II :** **پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے:** **4X1=4**

7. ہدایت کرنے والا : ہادی :: اطاعت کرنے والا : .......................

Turn over]

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8. | زہد | : | تقویٰ | :: | شوق | : ....................... |
| 9. | مشروب | : | مذکر | :: | کاشت | : ....................... |
| 10. | خوشبودار | : | لاحقہ | :: | بے مصرف | : ....................... |

**III: درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔** **7X1=7**

11. بچوں کو اماں سے بدلہ لینا ہوتا تو وہ کیا کرتے؟

12. پنڈت جواہر لال نہرو کو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا؟

13. ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے؟

14. پطرس بخاری کا پورا نام کیا ہے؟

15. طاقت والوں نے کمزوروں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

16. صبر کی ہدایت کیوں دی گئی ہے؟

17. مچھر بلدیہ والوں کو کیا تنبیہہ کرتا ہے؟

**IV: درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **10X2=20**

18. ایامِ جاہلیت کے رسم و رواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

19. نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جوب دیا؟

20. پنڈت نہرو نے جوشؔ اور کنور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت کیوں دی؟

21. بھرت نارائن جی روح کیوں مسکرا رہی تھی؟

22. ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہا تو کیا ہوگا؟

23. حضورؐ کا نام آتے ہی شاعر کیسا محسوس کرتا ہے؟

24. رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کونسے اقدامات کرنے چاہیئے؟

Turn over]

.25 حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا؟

.26 نظم "سرحدوں کا جال" میں شاعر سلیمان خمارؔ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

.27 "بیکل اتساہی" اپنی رباعی میں غیروں پر احسان کی تمہید کرنا کیوں درست نہیں کہا ہے؟

**V : درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیے:** 11X3=33

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجیے:**

.28 "ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔"

.29 "دکھ ہوا کہ وہ تو اور بھی دھندلا گیا ہے۔"

.30 "اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔"

**درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھیے:**

.31 مولانا ابو الکلام آزاد

**درج ذیل شاعر کا تعارف لکھیے:**

.32 فراقؔ گورکھپوری

**درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:**

.33 کیا کیا خضرؑ نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

.34 فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کریدتے
کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے

.35 سب کا تو مداوا کر ڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

**ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔**

.36 i) تصور

Turn over]

ii) نور

iii) وصیت

37. مفرد جملے کی تعریف مع مثال لکھئے۔

38. صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

رباعی کی تعریف لکھئے۔

**VI : درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے:** 5X4=20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل "حمد" یا "نعت" کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

i) آمدِ بہار ii) رشوت

41. امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

42. زعفران کی کاشت کیسے کی جاتی ہے؟

یا

لالہ کرپاشنکر جی مصنف کو جگانے کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

43. **درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے:**

سرواپلی رادھا کرشنن 5 ستمبر 1888ء کو تملناڈو ریاست کے ایک چھوٹے گاؤں تروتنی میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق ایک غریب برہمن خاندان سے تھا۔ سرواپلی ان کے آبائی وطن کا نام تھا۔ وہ بچپن سے بہت ذہین واقع ہوئے ہیں۔ ان کے والد انہیں سنسکرت پڑھانا چاہتے تھے۔ لیکن ان کے عزیز و اقارب کا بے حد اصرار تھا کہ انہیں جدید تعلیم سے آراستہ کیا جائے۔ آخر کار انہیں ایک انگریزی مشنری اسکول میں داخلہ کیا گیا۔ جہاں پر وہ ہر امتحان میں اول درجے سے کامیابی حاصل کرتے رہے۔ یہ سلسلہ ابتدائی تعلیم سے اعلیٰ تعلیم تک قائم رہا۔ جب تعلیم سے فراغت نصیب ہوئی تو وہ معلم کی حیثیت سے ملازمت کرنے لگے۔ اپنی محنت، لگن اور جستجو کے ذریعے کامیابی حاصل کرتے ہوئے پروفیسر، چانسلر، سفیر، نائب صدر اور صدرِ جمہوریہ کے جلیل القدر عہدے تک رسائی کی۔ اور قوم وملک کی خدمت انجام دیتے ہوئے اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ آپ کی موت کے بعد آپ کو ہندوستان کا اعلیٰ ترین اعزاز "بھارت رتن" سے بھی سرفراز کیا گیا۔

**سوالات:**

i) سرواپلی رادھا کرشنن کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ii) انہوں نے کن عہدوں پر فائز ہو کر قوم وملت کی خدمت انجام دی؟

Turn over]

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے:** 1X5=5

44. اپنے میر معلم / معلمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنا ایس۔ ایس۔ ایل۔ سی کا مارکس کارڈ کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے دوست یا سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:** 1X5=5

45. ماحول کی آلودگی

یا

انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات